**Thane Municipal Corporation secondary Education board , Thane**

**Preliminary Exam Jan. 2026**

**Std : X** **Subject: Geography** **T.Marks : 40**

سوال نمبر 1 : صحیح متبادل چن کر جملے مکمل کیجیے۔ **(4)**

۱) بھارت کا معیاری وقت گرینچ کے معیاری وقت سے ............ آگے ہے۔

(الف) 5 گھنٹے 15 منٹ (ب) 5 گھنٹے 30 منٹ (ج) 5 گھنٹے 44 منٹ (د) 6 گھنٹے 30 منٹ

۲) برازیل ............ براعظم میں سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہے۔

(الف) شمالی امریکہ (ب) ایشیا (ج) جنوبی امریکہ (د) آسٹریلیا

۳) برازیل کا ............ پھیلاؤ زیادہ ہونے کی وجہ سے برازیل کی آب وہوا میں تنوع پایا جاتا ہے۔

(الف) خط استوائی (ب) عرض البلد اور طول البلد (ج) عرض البلدی (د) طول البلدی

۴) بھارت کے ............ میں مینگروز (چمرنگ) کے جنگلات پائے جاتے ہیں۔

(الف) ہمالیہ کے نچلے حصے (ب) ریگستانی علاقے (ج) دلدلی علاقے (د) ہمالیہ کا انتہائی بلند علاقہ

سوال نمبر 2 : الگ جزو پہچانیے اور لکھیے۔ **(4)**

۱) برازیل کی ریاستیں

a) باہیا b) بہار c) پارا d) آکرے

۲) بھارت کے حوالے سے

a) چمرنگ کے جنگلات b) بحیرہ رومی جنگلات c) کانٹے دار جنگلات d) استوائی جنگلات

۳) بھارت کی کم آبادی والی ریاست

a) اتر پردیش b) ہماچل پردیش c) اترا کھنڈ d) اروناچل پردیش

۴) برازیل کی خاص فصلیں

a) کافی b) مکئی c) آم d) ربر

سوال نمبر 3 : ذیل کے ہر سوال کا جواب ایک جملے میں لکھیے۔ (کوئی چار) **(4)**

۱۔ بھارت میں آبادی کی تقسیم کی نوعیت بتائیے۔

۲۔ بھارت میں بنیادی طور پر کس قسم کی زراعت کی جاتی ہے؟

۳۔ برازیل کا شمالی مشرقی حصہ کس نام سے جانا جاتا ہے؟

۴۔ تناسب جنس یعنی کیا؟


۵۔ علاقائی سیر کے ذریعے کسی مقام کی کن باتوں کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہے؟

سوال نمبر 4 (A) : دیے گئے برازیل کے نقشے (خاکے) میں مندرجہ ذیل کی نشان دہی کیجیے اور فہرست بنائیے۔ (کوئی چار) **(4)**

۱) بیناس بندرگاہ ۲) کلنگا ۳) سُنہری تامرن

۴) کونڈور ۵) سیرگیے ۶) کیسینو ریتیلا ساحل

**(B)** : درج ذیل نقشے کا بغور مطالعہ کیجیے اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ (کوئی چار) **(4)**




۱) نقشے میں آمد و رفت کی خدمات کی کون سی قسمیں دکھائی دے رہی ہیں؟

۲) کس حصے میں سڑکوں کا گھنا جال ہے؟

۳) مشرقی ساحل پر واقع دو بندرگاہوں کے نام لکھیے۔

۴) سری نگر اور کنیا کماری ان دو شہروں کو جوڑنے والی شاہراہ کون سی ہے؟

۵) بھارت کے کس حصے میں آمد و رفت کے راستوں کا جال کم گھنا ہے؟

۶) مہاراشٹر کے اہم ہوائی اڈے کا نام لکھیے۔

سوال نمبر 5 : مندرجہ ذیل کے جغرافیائی وجوہات لکھیے ۔ ( کوئی دو ) **(6)**

۱) بھارت کے مشرقی ساحل پر قدرتی بندرگاہیں کم ہیں۔

۲) برازیل میں منطقہ حارہ کے گردباد طوفان کم پیمانے پر آتے ہیں۔

۳) برازیل میں انسانی بستی کی مرکوزیت مشرقی ساحل کے قریب پائی جاتی ہے۔

۴) برازیل میں ماحول دوست سیاحت کو زیادہ ترقی دی جارہی ہے۔

سول نمبر 6 **(A)** : مندرجہ ذیل دیے گئے اعداد وشمار کی بنا پر ستونی ترسیم بنائیے اور درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے ۔ **(6)**

بھارت : اندرون ملک مجموعی پیداوار کا حصہ ( 1980ء سے 2016ء )

| سال | اندرون ملک مجموعی پیداوار (%) |
|---|---|
| 1980ء | 15 |
| 1990ء | 16 |
| 2000ء | 28 |
| 2010ء | 50 |
| 2016ء | 40 |


۱) یہ ترسیم کیا ظاہر کرتی ہے؟

۲) سال 2010ء میں تجارت میں اندرون ملک مجموعی پیداوار کا حصہ کتنا تھا؟

۳) 2010ء سے 2016ء کے درمیان اندرون ملک مجموعی پیداوار میں کتنے فی صد کی کمی ہوئی ہے؟

**یا**

(B) : مندرجہ ذیل ترسیم کا مطالعہ کیجیے اور سوالات کے جوابات لکھیے ۔



۱) یہ ترسیم کیا ظاہر کرتی ہے؟

۲) زیادہ خواندگی والا ملک کون سا ہے؟

۳) سال2001ء میں بھارت کے مقابلے برازیل کی خواندگی میں کتنے فی صد اضافہ ہوا ہے؟

۴) بھارت کی سب سے زیادہ خواندگی کتنے فی صد ہے؟

۵) کس دہائی میں بھارت کی خواندگی میں سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے؟

۶) برازیل میں 2011ء میں خواندگی کا فی صد کتنا ہے؟

سوال نمبر 7 : مندرجہ ذیل مفصل جواب لکھیے۔ (کوئی دو) (8)

۱) علاقائی سیر کے دوران کچرے ٹھکانے لگانے کا انتظام کس طرح کریں گے؟

۲) بھارت اور برازیل کی آب وہوا کا موازنہ کیجیے۔

۳) بھارت اور برازیل میں جاری ماہی گیری کے پیشے میں یکسانیت اور فرق بتایئے۔

☆☆☆